Page no-4

روزنامہ جنگ کراچی ہفتہ 8/دسمبر 2012ء

# ٹیکسٹائل برآمدی شعبے کو گیس کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ کیا جائے، بلوانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹیکسٹائل انڈسٹری کے برآمدی شعبے کو گیس کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ یہ بات پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین جاوید بلوانی نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل کا برآمدی سیکٹر ملک کی معیشت میں ریڑھ کی حیثیت رکھتا ہے جو پاکستان کو زرمبادلہ کما کر دیتا ہے اور مردوخواتین ملازمین کی سب سے بڑی تعداد اسی سیکٹر سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ رہائشی اور کمرشل سیکٹرز میں گیس چوری کی سزا ملک کے اس اہم سیکٹر کو نہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ رہائشی اور کمرشل سیکٹرز میں 10 فیصد سے زائد گیس چوری یا ضائع کی جاتی ہے اس لئے انہی سیکٹرز میں لوڈشیڈنگ بھی کی جائے۔ انہوں نے حیران ہوتے ہوئے کہا کہ یہ کیسا قانون ہے کہ چوری کسی ایک سیکٹر سے ہو اور نقصان دوسرے سے پورا کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام رہائشی و کمرشل سیکٹرز کے کنکشن منقطع کیے جائیں اور ٹیکسٹائل انڈسٹری کے برآمدی شعبے کو گیس کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

Page no-14

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ ہفتہ، 8 دسمبر، 2012ء

# ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل مصنوعات ایکسپورٹرز کا گیس لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ کا مطالبہ

کراچی (بزنس رپورٹر) ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل مصنوعات کے برآمدکنندگان نے دنیا بھر میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدی سرگرمیاں بلارکاوٹ جاری رکھنے کیلیے اس شعبے کوقدرتی گیس کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قراردینے کا مطالبہ کردیا ہے۔ پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا ہے کہ پاکستان کا واحد شعبہ ہے جوکثیر زرمبادلہ کما کردے رہا ہے، رہائشی وکمرشل سیکٹرز کی جانب سے گیس چوری کرنے کی سزا لوڈشیڈنگ یا کم پریشر کے ذریعے شعبہ ٹیکسٹائل کو نہ دی جائے، انہوں نے حیرانگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کیسا قانون ہے کہ گیس چوری کوئی ایک سیکٹر کرے لیکن اس چوری کے نقصانات کاازالہ کسی دوسرے شعبے سے پورا کیا جائے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI